پروان چڑھالوں کوئي ارمان نِکالوں

پروان چڑھالوں کوئي ارمان نِکالوں
ٹھرو علي اکبر تمھیں دولھا تو بنا لوں

پھل برچھي کا کھائے ھوئے سوتے ھو زمیں پر
اے لال کلیجے کو میں کِس طرح سمبھالوں

شاید یو ھي تھم جائے لھو زخم جگر کا
اُٹھو علي اکبر میں کلیجے سے لگالوں

اے لال تیرے بیاہ کي زینب کو ھَوَس تھي
اِن خون بھرے ھاتھو میں مہندي تو لگالوں

اِتنا بھي نہ سونچا کہ کليجا ھے يہ ماں کا
غربت ميں دِيا داغ جواني کا ، بلاء لوں

ٹھہراؤ جنازہ مجھے حسرت تو نہ رہ جائے
ارمان بھرے لال کا ارمان نِکالوں

پہنا کے ذرا ديکھ لوں پوشاک سُہاني
تابوت پہ پھولوں کا ميں سہرا تو چڑھالوں

❋❋❋❋❋